شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰ (۹۱-۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۰۱۷ (۹۱-۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

صدر اوباما کی مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارکباد

واشنگٹن، 2 اگست 2011: امریکی صدر براک اوباما نے امریکہ اور دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو رمضان المبارک کی مبارکباد پیش کی ہے۔ وھائٹ ہاؤس سے جاری اپنے پیغام میں صدر نے کہا ''مشیل اور میں امریکہ اور دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو رمضان المبارک کے موقع پر اپنی نیک خواہشات پیش کرتے ہیں۔ رمضان مسرت و شادمانی کا موقع ہے جس کا تمام مسلمانوں کو کئی ماہ سے انتظار رہتا ہے۔ خاندان اور معاشرہ کے افراد افطار اور عبادات کے موقع پر اکٹھا ہو کر اجتماعیت کی مسرت سے سرشار ہوتے ہیں۔ رباط سے جکارتہ تک متعدد شہروں میں بازار روشنیوں سے جگمگاتے ہیں، اور یہاں امریکہ میں امریکی مسلمان رمضان کی خوشیوں اور روایات میں اپنے ہمسایوں، ہم جماعت طلبا اور رفقائے کار کو شریک کرتے ہیں۔

دنیا بھر کے ڈھیروں مسلمانوں کے لئے رمضان عمیق فکر اور ایثار کا بھی موقع ہوتا ہے۔ جیسا کہ دیگر عقائد میں ہوتا ہے، روزے روحانیت، ڈسپلن، اور رحمت خداوندی کی آگہی میں اضافہ کرتے ہیں۔ روزے نادار لوگوں کی پرسان حالی کی اہمیت بھی یاد دلاتے ہیں۔ صومالیہ اور بعض افریقی خطوں میں میں مارے گئے لوگوں کی روح فرسا تعداد اور زندہ رہنے کی جدوجہد کرنے والے وہاں کے مرد، عورتوں و بچوں کی دل دہلا دینے والی تصویریں ہماری مشترک انسانیت کی یاد دلاتی ہیں اور ہمیں عملی اقدامات پر مجبور کرتی ہیں۔ قوموں اور ملکوں کے لئے یہ موقع ہے کہ وہ راحت رسانی کی جاری کوششوں میں اپنی مدد اور اعانت کے ذریعہ اس خطے کو مزید قیامت خیزی سے بچائیں۔

رمضان جیسے مواقع ہمیں تمام عظیم مذاہب بشمول اسلام کے اس درس کی یاد دہانی کراتے ہیں کہ دوسروں کے ساتھ وہی سلوک کریں جو آپ دوسروں سے اپنے لئے توقع رکھتے ہیں۔ اس جذبے کے ساتھ میں دنیا بھر کے مسلمانوں کے لئے ایک بابرکت مہینہ کی آرزو کرتا ہوں، اور وھائٹ ہاؤس میں ایک بار پھر افطار کی دعوت کی میزبانی کا منتظر ہوں۔''

☆☆☆